# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## شعبہ تعلقات عامہ

## پریس ریلیز

مورخہ 8نومبر 2021اسلام آباد

الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس آج چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جناب سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں منعقد ہوا جس میں ممبران الیکشن کمیشن جناب نثار احمد درانی، جناب شاہ محمود جتوئی، سیکرٹری الیکشن کمیشن اور الیکشن کمیشن کے سینئر افسران نے شرکت کی۔

الیکشن کمیشن نے این اے 75 سیالکوٹ (ڈسکہ) کے حوالے سے دو انکوائری کمیٹیاں تشکیل دی تھیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

پہلی کمیٹی تمام انتظامی افسران کے خلاف انکوائری کے لئے تشکیل دی گئی جو کہ مسٹر سعید گل جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر، مسٹر ماجد شریف ڈوگر ریجنل الیکشن کمشنر گوجرانوالہ اور مسٹر مجاہد شیر دل سپیشل سیکرٹری محکمہ فنانس گورنمنٹ پنجاب پر مشتمل تھی۔اس کمیٹی کا مینڈیٹ پولنگ کے دن ڈیوٹی میں غفلت، جس کی وجہ سے بدامنی اور امن وامان کی خلاف ورزی ہوئی، سامان کی حفاظتی حصار میں ریٹرننگ آفیسر کے دفتر سے ترسیل اور واپسی کے ذمہ دار افسران اور اس کے علاوہ ایسے افسران کا تعین کرنا تھا جنہوں نے قانون کی خلاف ورزی کی تاکہ ان کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

دوسری کمیٹی ایسے پریذائیڈنگ افسران وڈیوٹی پر تعینات سیکورٹی سٹاف جو انتخابات کی رات کو غائب ہوئے اور اگلے روز تاخیر سے مورخہ 20فروری 2021کی صبح کو ریٹرننگ افسر کے دفتر میں آئے کے حقائق جاننے کے لئے قائم کی گئی تھی یہ کمیٹی انکوائری افسر مسٹر سعید گل جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر پر مشتمل تھی۔ انکوائری آفیسر کا مینڈیٹ یہ تھا کہ وہ کسی ایکسپرٹ ادارے کی معاونت حاصل کرے اور forensics کا حصول ممکن بنائے تاکہ پتہ لگایا جاسکے کہ پریذئیڈنگ افسران نے کہاں پر قیام کیا جس کی وجہ سے رزلٹ میں

تاخیر ہوئی اور وہ ریٹرننگ افسر کے سامنے 20 فروری 2021 کو پولنگ سامان لے کر تاخیر سے کیوں پیش ہوئے۔

دونوں انکوائری رپورٹس الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔

ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر (DRO) اور ریٹرننگ آفیسر (RO) کی انتظامی کوتاہی کو سامنے رکھتے ہوئے دونوں آفیسروں کو الیکشن کمیشن رپورٹ کروا کر اوایس ڈی بنادیا گیا ہے تاکہ انکوائری رپورٹ کی روشنی میں انکے خلاف مزید کارروائی عمل میں لائی جائے سکے۔

مزید فیصلہ کیا گیا کہ دونوں انکوائریوں میں ذمہ قرار دیئے جانے والے افسران و ملازمین کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس سلسلے میں ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں سپیشل سیکرٹری، ڈی جی لا، ڈائریکٹر ایچ آر اور ڈی ڈی لاء شامل ہوں ہونگے جو کہ الیکشن کمیشن کی معاونت کریں گے۔ یہ کمیٹی سیکرٹری الیکشن کمیشن کی سربراہی میں کام کرے گی۔

الیکشن کمیشن انکوائری رپورٹ کی روشنی میں ذمہ داران کے خلاف محکمانہ انضباطی کارروائی (Departmental proceeding) یا فوجداری کارروائی (Criminal proceedings) یا دونوں کارروائیوں کا آغاز کرے گا۔ اس سلسلے میں کمیشن کا آئندہ formal اجلاس 7 دن کے بعد ہوگا۔